© rasailojaraid.com

# تبصرۂ کتب

کتاب : **اصلاحی و تبلیغی رسائل**

مرتب : محمد منصورالزماں صدیقی

ناشر : عالمی ادارہ اشاعت علوم اسلامیہ ۔ چہلیک ۔ ملتان

پتا : ادارہ تعلیم الاسلام ۔ گلبہار نمبر ۲ کراچی

جمعیت دھلی صدیقی برادری کراچی ایک فلاحی سماجی ادارہ ھے جو اسلامی خطوط پر اصلاح معاشرہ کے سلسلے میں مفید خدمات انجام دے رھا ھے ۔ یہ جمعیت اصلاح و تبلیغ کے عملی پروگراموں کے علاوہ مختلف دینی اور سماجی مسائل پر چھوٹے چھوٹے رسالے چھاپ کر مفت تقسیم کرنے کا کام بھی کر رھی ھے ۔ اسی قسم کے رسائل کا ایک مجموعہ مجلد برائے تبصرہ پیش نظر ھے ۔ اس مجلد میں مندرجہ ذیل رسائل شامل ھیں ۔

(۱) وقت کا تقاضا ۔ (۲) زکوۃ اسلام کا بنیادی رکن ۔ (۳) مسائل و احکام وصیت، وراثت اور تقسیم میراث ۔ (۴) مال و دولت کا بہترین مصرف (۵) ستر عورت ۔ (۶) روزہ ایک اھم روحانی عبادت ۔ (۷) ولیمہ کا مسنون طریقہ ۔ (۸) نماز کے فضائل اور احکام و مسائل ۔ (۹) عظمت قرآن اور آداب تلاوت ۔ (۱۰) حج اور عمرہ کا طریقہ اور مسائل ۔

جمعیت کی طرف سے گذشتہ دو سال میں ان رسائل کے ایک لاکھ سے زائد نسخے بلا قیمت تقسیم کئے جا چکے ھیں ۔

آج کے مسلم معاشرہ میں جہاں عصر حاضر کے پیدا کردہ بعض مہمات مسائل پر ریسرچ کرکے ان کا اسلامی حل دریافت کرنے کی ضرورت ھے وھاں



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اس امر کی بھی اشد ضرورت ہے کہ عامۂ مسلمین کو مبادیات دین اور عام شرعی احکام و مسائل سے روشناس کرایا جائے۔ اس لحاظ سے جمعیت کی یہ کوشش یقیناً لائق ستائش ہے کہ اس نے عام فہم دینی و اصلاحی لٹریچر کی تیاری اور اپنے وسائل سے اس کی مفت تقسیم کا بیڑا اٹھایا ہے۔ یہ لٹریچر مندرجہ بالا پتوں سے خط لکھ کر بلا قیمت منگوایا جا سکتا ہے۔ حتیٰ کہ ڈاک خرچ بھی جمعیت خود برداشت کرتی ہے۔ مرکزی مجلس منتظمہ کے صدر محمد منصور الزماں صدیقی صاحب بطور خاص مستحق مبارکباد ہیں کہ وہ نہ صرف ان رسائل کی ترتیب و اشاعت کا اہتمام کرتے ہیں بلکہ جمعیت کے دوسرے رفاہی کاموں کو بھی انجام دیتے ہیں۔

(شرف الدین اصلاحی)

---

**گلدستۂ طب و صحت (حصہ اول)**

مصنف: زبدۃ الحکماء حکیم نور احمد

ضخامت: ۲۵۸ صفحات قیمت دس روپے

پتا: مکتبہ نور الصحت، عبدالکریم روڈ۔ قلعہ شاہ فیصل۔ لاہور

گلدستۂ طب و صحت حصہ اول حکیم نور احمد صاحب کی نہایت مفید کتاب ہے۔ جس کا پہلا ایڈیشن ۱۹۷۳ء میں شائع ہوا تھا۔ یہ اس کتاب کا ۱۹۷۷ء میں شائع ہونے والا تیسرا ایڈیشن ہے جس میں حکیم صاحب موصوف نے مزید ترمیم و اضافہ کرکے اسے اور زیادہ مفید اور کارآمد بنا دیا ہے۔

گلدستۂ طب و صحت میں ہمارے ملک کے پھلوں، پھولوں، سبزیوں



© rasailojaraid.com